© rasailojaraid.com



''حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر مناظرہ کے سلسلہ میں منکرین حیات کی کوشش ہوتی ہے کہ موضوع مناظرہ کی تنقیح نہ ہو بلکہ موضوع مبہم رہے کہ قائلین حیات، انبیاء علیہم السلام کی حیات ثابت کریں اور ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے انبیاء کرام علیہم السلام کی موت پر دلائل دیں گے جب کہ اہل سنت والجماعۃ کی کوشش ہوتی ہے کہ پہلے موضوع کی تنقیح ہو پھر مناظرہ کیا جائے''

(تبصرہ صبیح ہمدانی)

● **کتاب: ''فیضانِ فیضؒ ''**

مرتب: مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی　　ضخامت: ۱۸۴ صفحات۔　　قیمت: درج نہیں

ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہؓ۔ برانچ پوسٹ آفس، خالق آباد، ضلع نوشہرہ (خیبر پختونخواہ)

شیخ الحدیث حضرت مولانا فیض احمد ملتانی نور اللہ مرقدہٗ ماضی قریب کی نہایت علمی و روحانی شخصیت تھے، استاذ العلماء حضرت مولانا خیر محمد جالندھری رحمۃ اللہ علیہ کے مایہ ناز شاگرد اور معتمد تھے، جامعہ خیر المدارس ملتان میں استاذِ حدیث اور جامعہ قاسم العلوم ملتان کے مہتمم رہے۔ شروع سے علمی مزاج پایا۔ علم تفسیر و حدیث اور فقہ پر گہری نظر تھی۔ ''نماز مدلّل'' اُن کی شہرہ آفاق کتاب ہے۔ علامہ عینی کی شرح ہدایہ البنایہ'' کی آٹھ جلدوں کی تصحیح اور تعلیق و تخریج اُن کی عظیم علمی و دینی خدمت ہے۔ جب تک صحت باقی رہی حدیث شریف پڑھاتے رہے۔ ۲۵ ر رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ کو انتقال ہوا۔

''فیضانِ فیض'' میں مولانا کی منتشر تحریروں کو مولانا حبیب اللہ شاہ حقانی جمع و مرتب کر کے گراں قدر علمی خدمت انجام دی ہے۔ حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہٗ کے نام مکاتیب اور ''القاسم'' میں شائع ہونے والی بعض تحریریں ''فیضانِ فیض'' میں جلوہ گر ہیں۔ جن میں علمی اشکالات کا حل، سوالات کے مدلّل جوابات، دینی مدارس کے علماء و طلباء کے لیے انتہائی مفید نصائح پڑھ کر ایمان کو طاقت اور فکر کو روشنی ملتی ہے۔

● **مکاتیب طالب ہاشمیؒ بنام مولانا عبدالقیوم حقانی''**

ترتیب: حافظ عبیداللہ عابد　　ضخامت: ۲۰۵ صفحات　　قیمت: درج نہیں

ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہؓ، خالق آباد ضلع نوشہرہ

معروف محقق و سیرت نگار طالب ہاشمیؒ کے مولانا عبدالقیوم حقانی کے نام علمی و ادبی مکاتیب، ۱۹۹۲ء تا ۲۰۰۷ء سن وار مرتب کیے گئے ہیں۔ جن میں، سیرت طیبہ کی روشنی، تذکارِ اصحاب رسول علیہم الرضوان، تاریخ، شعر و ادب کے منفرد واقعات اور شخصیات کے سوانح وافکار پر تبصرہ تجزیہ کے علاوہ بہت ہی مفید علمی مواد جمع ہو گیا ہے۔ مولانا عبدالقیوم حقانی ایک علم دوست شخصیت ہیں۔ اُن کی وساطت سے ایک گراں قدر علمی ذخیرہ اہل ذوق کو میسر آ گیا ہے۔ اس خوبصورت گلدستے کو مرتب کرنے پر حافظ عبیداللہ عابد مبارک باد کے مستحق ہیں۔



© rasailojaraid.com